سوال

(203) زید کہتا ہے مردہ کی دعوت کھانا حرام ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید کہتا ہے مردہ کی دعوت کھانا حرام ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

کوئی شخص ایصال ثواب کے لیے غرباء اور مساکین کو کھانا کھلائے تو جائز ہے۔ بحکم حدیث مذکورہ حوالہ۔

تشریح:

... میت کی طرف سے خیرات کرے تو میت کو ثواب پہنچتا ہے یا نہیں۔ میت کے لیے قرآن خوانی جائز ہے یا نہیں اور ختم پڑھنا سنت ہے یا بدعت؟ بینوا توجروا

الجواب:... میت کی طرف سے خیرات کی جائے تو اس کا ثواب میت کو بلاشبہ پہنچتا ہے۔ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ہے:

((عن عائشة رضی اللہ عنہ ان رجلا قال للنبی ﷺ ان امی افتلتت نفسها واراها لو تکلمت تصدقت فهل لها اجران تصدقت عنها قال نعم))

اور قرآن خوانی اور ختم خوانی جس طریقہ پر فی زمانہ رائج ہے سو یہ طریقہ بالکل بے اصل اور محدث ہے۔ اور اس کے علاوہ قرأت قرآن کا ثواب پہنچنے اور نہ پہنچنے میں اختلاف ہے۔ امام احمد بن حنبل اور ایک جماعت علماء کے نزدیک قرأت قرآن کا ثواب میت کو پہنچتا ہے اور امام شافعی کا مذہب یہ ہے کہ نہیں پہنچتا ہے۔ واللہ اعلم۔

(حررہ عبدالوہاب عفی عنہ) (فتاویٰ نذیریہ جلد ۱ ص ۴۴۰) (فتاویٰ ثنائیہ ج ۱ ص ۵۳۲)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد05ص363

محدث فتویٰ